Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) I Semester Examination - December - 2018

Paper - 3 - PHUR103DST : Afsanvi Adab

پرچہ: افسانوی ادب

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ''داستان کہانی کی طویل اور پیچیدہ بھاری بھرکم صورت ہے۔'' یہ اقتباس کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(a) اُردو نثر کا فنی ارتقا (b) فن داستان گوئی

(c) اُردو کی نثری داستانیں (d) داستان سے افسانے تک

(ii) ''رسول فاطمہ'' عصمت چغتائی کے کس ناول کا کردار ہے؟

(a) ٹیڑھی لکیر (b) ضدی (c) معصومہ (d) ایک قطرہ خون

(iii) ''دھوپ کی دستک'' کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) شمس الرحمٰن فاروقی (b) محمد مجیب (c) شمیم حنفی (d) حبیب تنویر

(iv) ''فسانۂ عجائب'' میں وزیرزادے کو تبدیلی روح کا عمل کون سکھاتا ہے؟

(a) انجمن آرا (b) جان عالم (c) چڑی مار (d) جادوگر

(v) قرۃ العین حیدر کو گیان پیٹھ ایوارڈ کس سنہ میں دیا گیا؟

(a) 1979 (b) 1982 (c) 1989 (d) 1980

(vi) غیر منقوط نثر میں کون سا قصہ لکھا گیا ہے؟

(a) رانی کیتکی کی کہانی (b) الف لیلہ (c) داستان امیر حمزہ (d) سلک گوہر

(vii) اِن میں سے کون سی تصنیف حیدر بخش حیدری کی ہے؟

(a) مذہب عشق (b) گنج خوبی (c) توتا کہانی (d) اخلاق ہندی

(viii) کس نے اپنے افسانوں میں بڑی فن کاری کے ساتھ ہندو دیومالائی عناصر کا استعمال کیا ہے؟

(a) کرشن چندر (b) راجندر سنگھ بیدی (c) بلونت سنگھ (d) سریندر پرکاش

(ix) حبیب تنویر کے ڈرامے ''آگرہ بازار'' میں اُردو کے کس مشہور شاعر کا ذکر ہے؟

(a) مصحفی (b) شاہ نصیر (c) نظیر اکبر آبادی (d) مومن خاں مومن

(x) ارے دیو کر قصد بے دادا کا | پکڑ ہاتھ اس آدمی زاد کا
کنواں وہ جو ہے قاف میں پُر خطر | ابھی اس میں جا کر اسے قید کر
پری سبز جو ہے یہ آگے کھڑی | خطا کی ہے اس بیسوا نے بڑی
سو تو نوچ کر اس کے پر اور بال | اکھاڑے سے میرے ابھی دے نکال
اُڑاتی پھرے خاک یہ کو بہ کو | نہ آئے ہمارے کبھی روبرو

درج بالا شعری اقتباس کس ڈرامے کا حصہ ہے؟

(c) اندر سبھا (b) دھوپ کی دستک (c) کھیتی (d) انار کلی

حصہ دوم

-2 ''نوطرز مرصع'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

-3 سعادت حسن منٹو کی افسانہ نگاری کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

4۔ اُردو فکشن پر ترقی پسند فکر کے اثرات کا تجزیہ پیش کیجیے۔

5۔ ناول امراؤ جان ادا میں لکھنو کی معاشرت کی نمائندگی کس طرح کی گئی ہے؟ واضح کیجیے۔

6۔ پریم چند کے نظریہ ادب پر روشنی ڈالیے۔

-7 قرۃ العین حیدر کی ناول نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

8۔ ''سب رس'' کا لسانی تجزیہ پیش کیجیے۔

-9 ناول ''گئودان'' کا موضوعاتی تجزیہ پیش کیجیے۔

حصہ سوم

-10 فورٹ ولیم کالج سے قبل شمالی ہند میں اُردو نثر کے ارتقا کا محاسبہ کیجیے۔

-11 ڈرامہ ''انار کلی'' کس کردار کا المیہ ہے؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

-12 ناول میں کرداروں کی کیا اہمیت ہوتی ہے اور کسی کردار کی پیش کش میں کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

-13 افسانے کے بدلتے ہوئے موضوعات کا منظرنامہ پیش کیجیے۔

-14 داستان کے عروج وزوال کے اسباب بیان کیجیے۔

☆☆☆